نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

## اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج کے منصوبوں اور اگیتی کپاس کی کاشت بارے جائزہ لیا گیا

## وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کسان دوست پالیسیوں کے ثمرات کاشتکاروں کی دہلیز تک پہنچائے جا رہے ہیں۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

**لاہور، 29 جنوری 2025:** صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے اہم منصوبوں اور اگیتی کپاس بارے پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی۔اب تک 5 لاکھ 32 ہزار کسان کارڈز کے اجراء کی منظوری ہوچکی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 53.8ارب روپے کی منظوری ہوچکی ہے جس میں سے اب تک 34ارب روپے کی خریداری کی جاچکی ہے جن میں 90 فیصد کھادوں کی خریداری کی مد میں خرچ ہوئے ہیں۔کسان کارڈ کے ذریعے جنوبی پنجاب کے علاقوں میں زیادہ خریداری ہوئی ہے۔ وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکاروں میں سے 9008 کاشتکاروں نے گرین ٹریکٹرز کیلئے اپنے حصہ کی رقم جمع کرادی ہے۔اب تک 8823 گرین ٹریکٹرز کی مینوفیکچرنگ ہو چکی ہے جن میں 6415 ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کئے جا چکے ہیں۔مارچ کے مہینے میں گرین ٹریکٹر پروگرام فیز I مکمل ہو جائے گا۔وزیر اعلیٰ پنجاب سولرائزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت 5 لاکھ 33 ہزار سے زائد درخواستوں کی وصولی ہو چکی ہے جس میں سکروٹنی کے بعد 3 لاکھ

85 ہزار درخواستوں کی منظوری ہو چکی ہے۔ ان میں سے ڈیزل سے چلنے والے 87 فیصد جبکہ بجلی سے چلنے والے 13 فیصد ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے درخواستوں کی وصولی کی گئی ہے۔ اس پروگرام کے تحت 31 جنوری کو قرعہ اندازی کی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے میں ساہیوال اور ملتان میں گرے سٹرکچر کا70 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ سرگودھا اور بہاولپور میں 60 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت 14 ہزار9 سو76 درخواستیں لیزر لینڈ لیولرز اور گرین ٹریکٹر کیلئے 8 ہزار7 سو28 درخواستیں وصول ہو چکی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 1 ہزار سپر سیڈرز کی فراہمی مکمل ہو چکی ہے جبکہ گزشتہ سال سپر سیڈرز کی مدد سے 1 لاکھ10 ہزار ایکڑ رقبہ پر دھان کی باقیات کو کارآمد بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ 7805 کاشتکاروں کو کرایہ پر سپر سیڈرز فراہم کئے گئے۔ اس پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران اب تک 2 ہزار کاشتکاروں کو سپر سیڈرز کی فراہمی کیلئے الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے 1788 سپر سیڈرز کی بکنگ ہو چکی ہے۔ صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے نہ صرف سموگ کنٹرول کرنے میں مدد ملی ہے بلکہ اس کے استعمال سے پیداواری لاگت میں بھی کمی واقع ہوتی ہے۔ سپر سیڈرز بہتر رزلٹ کے حامل ہوتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو زرعی آلات و مشینری کی سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کرایہ پر دستیابی کے منصوبہ پر لینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم (LIMS) کے تحت پیش رفت جاری ہے۔ کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری کیلئے لمز مکمل طور پر سروسز فراہم کرے گا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر صوبہ میں اگیتی کپاس کی ترویج کیلئے پلان پر عملدرآمد جاری ہے۔ امسال

اگیتی کپاس کی کاشت 10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر مکمل کی جائے گی تاکہ امسال کپاس کی بھرپور پیداوار حاصل کی جا سکے۔ ملتان میں 3 لاکھ80 ہزار ایکڑ، ڈی جی خان 2 لاکھ 15 ہزار ایکڑ، بہاولپور 1 لاکھ 50 ہزار ایکڑ جبکہ ساہیوال و فیصل آباد ڈویژن میں بالترتیب 1 لاکھ20 ہزار اور سرگودھا ڈویژن میں 15 ہزار ایکڑ پر اگیتی کپاس کی کاشت یقینی بنائی جائے گی۔ اس سلسلہ میں کاٹن ایکشن پلان پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس کے علاوہ وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے 5 ایکڑ پر اگیتی کپاس کاشت کرنے والوں کو 5 ہزار روپے فی ایکڑ کے حساب سے سیڈ سپورٹ کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے ٹوٹل 2 ارب روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ تمام مستفید ہونے والے کاشتکاروں کے لیے کسان کارڈ ہولڈر ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج پر ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد جاری ہے۔ اگیتی کپاس کی کاشت کے سلسلے میں متعلقہ فیلڈ افسران کو خصوصی ذمہ داریاں تفویض کر دی گئی ہیں۔ اس ضمن میں 16 فروری سے کپاس کی اگیتی

کاشت کے زیادہ اُگاؤ کے سلسلہ میں مہم پورے زور و شور سے جاری ہے۔ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ سطح پر فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیئے گئے ہیں۔

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن(ر) وقاص رشید،ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں اور رانا تجمل سمیت دیگر افسران موجود تھے۔

☆☆☆☆